
# ہر 10 میں سے 6 (62%) پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ چاند گرہن کے دوران آئینہ دیکھنے سے گریز کرنا چاہیے؛یہ رائے خواتین ، بڑی عمر کے افراد اور کم تعلیم یافتہ پاکستانیوں میں زیادہ پائی گئی ۔




جواب نہیں دیا 3%

مختلف لوگ چاند گرہن کے دوران مختلف باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔ آپ کے خیال میں درج ذیل باتوں کا حقیقت سے کتنا تعلق ہے؟ - چاند گرہن کے دوران آئینہ دیکھنے سے گریز کرنا چاہیے



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**سائنس اور معاشرہ**

**فلکیاتی واقعات**

رسم ورواج پر یقین

## ہر 10 میں سے 6 (62%) پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ چاند گرہن کے دوران آئینہ دیکھنے سے گریز کرنا چاہیے؛ یہ رائے خواتین، بڑی عمر کے افراد اور کم تعلیم یافتہ پاکستانیوں میں زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ&گیلانی سروے)**


(اسلام آباد، 09اکتوبر 2025)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 10 میں سے 6 (62%) پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ چاند گرہن کے دوران آئینہ دیکھنے سے گریز کرنا چاہیے؛ یہ رائے خواتین، بڑی عمر کے افراد اور کم تعلیم یافتہ پاکستانیوں میں زیادہ پائی گئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" مختلف لوگ چاند گرہن کے دوران مختلف باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔آپ کے خیال میں درج ذیل باتوں کا حقیقت سے کتنا تعلق ہے؟- چاند گرہن کے دوران آئینہ دیکھنے سے گریز کرنا چاہیے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 42% جوابدہندگان کے مطابق اس کا حقیقت سے "بہت زیادہ تعلق" ہے، 20% جوابدہندگان کے مطابق "کچھ حد تک تعلق" ہے، 24% جوابدہندگان کے مطابق اس کا حقیقت سے "بالکل بھی تعلق نہیں ہے یہ محض باتیں ہیں"، 11% کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے "معلوم نہیں" ہے، جبکہ 3% جوبدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج پاکستان میں چاند گرہن سے متعلق پرانے خیالات کے مضبوط اثر و رسوخ کو ظاہر کرتے ہیں، خاص طور پر خواتین، کم تعلیم یافتہ اور بڑی عمر کے افراد میں۔ تمام گروپ کے افراد میں سائنسی آگاہی اور علم کو فروغ دے کر حقیقت اور ثبوت پر مبنی سوچ پیدا کی جاسکتی ہے۔


**" مختلف لوگ چاند گرہن کے دوران مختلف باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔آپ کے خیال میں درج ذیل باتوں کا حقیقت سے کتنا تعلق ہے؟- چاند گرہن کے دوران آئینہ دیکھنے سے گریز کرنا چاہیے "**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 753 خواتین اور مرد حضرات سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** چاند گرہن کے دوران آئینہ دیکھنے سے گریز کرنے پر اتفاق کرنے والوں کی شرح خواتین میں نمایاں طور پر زیادہ پائی گئی، جہاں خواتین کی 66% شرح نے اس بات سے "بہت زیادہ یا کسی حد تک" اتفاق کیا، جبکہ مرد حضرات میں یہ شرح (58%) پائی گئی، جو دونوں میں تقریباً 8% کے درمیانی فرق کو ظاہر کرتا ہے۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** اس بات پر یقین رکھنے والوں کی شرح ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں زیادہ پائی گئی (64%)، جبکہ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح (54%) رہی۔ دونوں میں 10% کا درمیانی فرق کم تعلیم یافتہ افراد میں پرانے خیالات کے زیادہ اثر و رسوخ کو ظاہر کرتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** عمر کے ساتھ ساتھ اس بات سے اتفاق کرنے والوں کی شرح میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ اس حوالے سے سب سے زیادہ شرح 50 سے 59 سال کی عمر کے افراد میں 71% اور 60 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد میں 69% پائی گئی۔ اس کے برعکس، 40 سے 49 سال کی عمر کے 49% افراد اور 30 سال کی عمر کے 59% افراد اس سے اتفاق کرتے نظر آئے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 9th October 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)